# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 06 June 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۶/جون ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

☆ **17/ ویں لوک سبھا تحلیل ' نریندر مودی متفقہ طور پر این ڈی اے کے قائد منتخب**

☆ **انڈیا اتحاد کی میٹنگ میں بی جے پی حکومت کے خلاف صف آرا ہونے کا فیصلہ**

☆ **عام چُناؤ میں ریاست میں بی جے پی کی شکست کی ذمہ داری قبول کرتے ہوئے دیویندر پھڑنویس نے دیا مستعفی ہونے کا اشارہ**

☆ **عالمی یوم ماحولیات کی مناسبت سے متعدد سرگرمیوں کا اہتمام**

**اور**

☆ **T-20 /کرکٹ عالمی کپ ٹورنامنٹ میں بھارت کا فاتحانہ آغاز**

**اب خبریں تفصیل سے...**

صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مُرمو نے 17/ویں لوک سبھا تحلیل کردی ہے۔ مرکزی کابینہ نے کل ہی صدر جمہوریہ سے اِس کی سفارش کی تھی ۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کل صدر جمہوریہ سے ملاقات کرکے کابینہ سمیت اپنے وزیر اعظم عہدے کا استعفی پیش کیا۔ جسے صدر جمہوریہ نے قبول کرلیا۔ ساتھ ہی انھوں نے مودی کو نئی سرکار بننے تک حکومت کی باگ دوڑ سنبھالنے کی ہدایت دی۔ اِس کے بعد صدر جمہوریہ نے مرکزی کابینہ کے لیے کل شام عشائیہ اور تقریب وداعی کا اہتمام کیا تھا۔

***** ***** *****

نریندر مودی کو متفقہ طور پر این ڈی اے کا قائد منتخب کیا گیا ہے۔ کل نئی دِلّی میں قومی جمہوری اتحاد کی میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا گیا۔ اس اجلاس میں اتحاد میں شامل سبھی سیاسی جماعتوں کے رہنما موجود تھے۔ اُن سبھی نے مودی کی قیادت کے لیے حمایت نامہ پیش کیا۔

وزیر اعلیٰ نیز شیوسینا پارٹی کے رہنما ایکناتھ شندے بھی اِس میٹنگ میں موجود تھے۔ اِس موقعے پر انھوں نے کہا کہ میں کسی مطالبے کی تکمیل کے لیے نہیں بلکہ حکومت قائم کرنے میں نریندر مودی کی حمایت کرنے حاضر ہوا ہوں۔

اِسی دوران بی جے پی کے رہنما اشوک چوہان نے کہا کہ قومی جمہوری اتحاد کو اکثریت حاصل ہونے کی وجہ سے حکومت قائم کرنے میں کوئی دشواری نہیں ہے۔

***** ***** *****

کانگریس پارٹی کی قیادت میں بنائے گئے انڈیا اتحاد کی کل نئی دلّی میں میٹنگ ہوئی۔ کانگریس پارٹی کی رہنما سونیا گاندھی اور راہل گاندھی کے ساتھ ساتھ اتحاد میں شامل تمام سیاسی جماعتوں کے رہنما اِس میٹنگ میں شریک تھے۔ اجلاس کے بعد کانگریس پارٹی کے صدر ملکارجن کھرگے نے کہا کہ

**The People's mandate has given a befitting reply to the BJP and their politics of hate, corruption and deprivation. The INDIA Bloc will continue to fight against the fascist rule of the BJP led by Modi. We will take Appropriate Steps at the appropriate time to realise the peopl's desire not to be ruled by the BJP Government.**

وہ کہہ رہے ہیں کہ چناؤ میں ملا مین ڈیٹ نریندر مودی اور بی جے پی کے حق میں نہیں ہے۔ انڈیا اتحاد ہمیشہ مودی کی قیادت والی بی جے پی کی آمرانہ حکومت کے خلاف نبرد آزما رہے گی۔ ہم وقتاً فوقتاً مناسب اقدام کریں گے جس سے عوام کی خواہش کا اظہار ہوگا۔

***** ***** *****

عام چُناؤ میں ملی نا کامی کو قبول کرتے ہوئے نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے ریاستی حکومت سے مستعفی ہونے کا اشارہ دیا ہے۔ کل ممبئ میں ہوئے بی جے پی کی کور کمیٹی کے اجلاس کے بعد وہ صحافیوں سے اظہار خیال کر رہے تھے۔انھوں نے کہ میں نے سرکردہ رہنماؤ سے آئندہ اسمبلی انتخاب کی تیاریوں کے لیے مجھے حکومت کی ذمہ داریوں سے بری کرنے کی گزارش کی ہے۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے اِس بارے میں بولتے ہوئے کہا کہ چناؤ کے نتائج سب کی ذمہ داری ہے۔انھوں نے کہا کہ اعظم اتحاد کو بھلے ہی کم نشستیں ملی ہوں تاہم رائے دہی کا فیصد قائم ہے۔

***** ***** *****

کل عالمی یومِ ماحولیات منایا گیا۔اِس موقعے پر صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مُرمو نے ملک کو سرسبز و شاداب بنانے کے لیے شہریان سے مل جل کر اقدام کرنے کی اپیل کی۔

اِسی طرح وزیر اعظم نریندر مودی نے '' ایک درخت ماں کے نام '' مہم کے تحت دِلّی میں واقع بُدھ جینتی گارڈن میں شجر کاری کی۔ خیال رہے کہ یہ مہم ملک بھر میں کروڑوں درخت لگانے کی تحریک کے طور پر شروع کی گئی ہے۔

***** ***** *****

عالمی یوم ماحولیات کے موقعے پر کل چھترپتی سنبھاجی نگر شہر میں مختلف سرکاری شعبہ جات، تعلیمی اور سماجی تنظیموں کی جانب سے شجر کاری مہم چلائی گئی تھی۔اِس دوران میونسپل کارپوریشن کی جانب سے رام نگر ' آنجہانی باڑا صاحیب ٹھاکرے گارڈن زون نمبر 6/ سمیت شہر کے متعدد حصوں میں تقریباً ایک ہزار پودے لگائے گئے۔

***** ***** *****

اگر ہم ماحول دوست طرز زندگی اختیار کریں گے تو ماحولیات میں ہو رہے بگاڑ میں کمی آئے گی۔'' آتما '' نامی پروجیکٹ کے ڈائریکٹر دولت راؤ چوہان نے یہ بات کہی۔وہ کل پربھنی ضلعے کے پاتھری تعلقے میں پوہے ٹاکلی کے مقام پر خصوصی پروگرام میں اظہار خیال کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ ماحول دوست طرز زندگی گزارنے سے ماحول میں توازن قائم ہوگا۔اِس موقعے پر طلباء کے درمیان دیوار پر تصویر بنانا یعنی وال پینٹنگ کا مقابلہ بھی منعقد کیا گیا تھا۔اِس میں تقریباً 100/ طلباء نے حصہ لیا۔دیوار پر بہترین تصویر بنانے والے طلباء کو معززین کے ہاتھوں انعامات سے نوازا گیا۔

***** ***** *****

لاتور ضلعے میں کل سے '' میرا ضلع سر سبز ضلع '' نامی سرگرمی کا آغاز کیا گیا۔ لاتور ضلع انتظامیہ کی جانب سے یہ پروگرام شروع کیا گیا ہے۔ اِس موقعے پر ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکُر گھوگے اور ضلع پریشد کے خصوصی کارگذار افسر انمول ساگر سمیت کئی معزز شخصیات موجود تھیں۔ اِس کے تحت ضلعے میں درختوں کی تعداد میں اضافہ کرنے کے لیے نرسریوں اور سیڈ بال تیار کرنا وغیرہ کام کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

بیڑ پولس نے لوک سبھا چُناؤ کی رائے شماری کے دوران سوشل میڈیا پر افواہیں پھیلانے والے 2/افراد کو گرفتار کرلیا ہے۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ اُن دونوں کے خلاف فردِ جرم درج کرلیا گیا ہے۔ پولس سپرنٹنڈنٹ دفتر نے شہریان سے اپیل کی ہے کہ وہ سوشل میڈیا پر پھیلنے والی کسی بھی افواہ پر یقین نہ کریں۔

***** ***** *****

دسویں جماعت کے مارکس میمو آئندہ منگل کے روز تقسیم کیے جائیں گے۔ بورڈ کی سیکریٹری انورادھا اوک نے یہ اطلاع دی ہے۔ انھوں نے بتایا کہ طلباء اپنے اسکول سے منگل کے روز دوپہر کے بعد اپنے اپنے مارکس میمو حاصل کر سکتے ہیں۔

***** ***** *****

T-20/کرکٹ عالمی کپ ٹورنامنٹ کے دوران کل بھارت نے آئرلینڈ کو 8/وکٹ سے شکست دے کر مقابلہ اپنے نام کرلیا۔ یہ مقابلہ نیو یارک میں کھیلا گیا تھا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے آئرلینڈ نے بھارت کے سامنے 96/رنوں کا ہدف مقرر کیا تھا۔ جوابی بلّے بازی میں بھارت نے محض 13/ویں اوور میں 2/وکٹ کے نقصان پر یہ ہدف حاصل کرلیا۔

T-20/کرکٹ عالمی کپ ٹورنامنٹ میں بھارت کا اگلا مقابلہ آئندہ 9/تاریخ اتوار کے روز پاکستان سے ہوگا۔

***** ***** *****

فرینچ اوپن ٹینس چیمپئن شپ کے مینس ڈبلز میں بھارت کے روہن بوپنا اور اُن کے جوڑی دار میتھیو ایب ڈن نے سیمی فائنل میں داخلہ حاصل کرلیا ہے۔ انھوں نے بیلجم کی جوڑی کو 1 - 6 ,5 - 7 , 6 - 7/سے شکست دے کر سیمی فائنل میں جگہ بنائی ۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے میں کل کئی مقامات پر زوردار بارش ہوئی۔ کنڑ تعلقے کے چاپانیر ' دیوگاؤں رنگاری ' گلّے بورگاؤں اِسی طرح پیٹھن تعلقے میں بھی بارش ہونے کی خبر ہے۔ ویجاپور تعلقے میں نائے گوہان کے مقام پر طوفانی ہواؤں کے ساتھ ہوئی موسلا دھار بارش میں کچھ گھروں کے ٹین اُڑ گئے اِسی طرح اسکولوں پر نصب کیے گئے سولار اور بجلی کے 2 / کھمبے اُکھر جانے کی خبر ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے کے دیگلور میں کل دوپہر میں بھی موسلا دھار بارش ہوئی۔ اچانک شروع ہوئی اِس بارش کی وجہ سے نظامِ زندگی درہم برہم ہوگیا تھا۔ خیال رہے کہ 2 / دن پہلے ہوئی بارش کے بعد کاشتکاروں نے موسم خریف کی تخم ریزی شروع کردی ہے۔ اِس بارش کی وجہ سے کاشتکاروں کی حوصلہ افزائی ہوئی ہے۔

***** ***** *****

جنوب مغربی مانسون کے لیے ماحول سازگار ہو چکا ہے۔ آئندہ 2 / سے 3 / دنوں میں جنوبی مہاراشٹر میں مانسون داخل ہونے کی امید ہے۔ اِسی طرح پوری ریاست میں بادلوں کی گھن گرج کے ساتھ بارش ہونے کی امید ہے۔

***** ***** *****

آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ 17/ ویں لوک سبھا تحلیل ، نریندر مودی متفقہ طور پر این ڈی اے کے قائد منتخب

☆ انڈیا اتحاد کی میٹنگ میں بی جے پی حکومت کے خلاف صف آرا ہونے کا فیصلہ

☆ عام چناؤ میں ریاست میں بی جے پی کی شکست کی ذمہ داری قبول کرتے ہوئے دیویندر پھڑنویس نے دیا مستعفی ہونے کا اشارہ

☆ عالمی یوم ماحولیات کی مناسبت سے متعدد سرگرمیوں کا اہتمام

اور

☆ T-20 /کرکٹ عالمی کپ ٹورنامنٹ میں بھارت کا فاتحانہ آغاز

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆